Volume VIII
No. 5

SP VIII-5-76 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Tuesday, November 16, 1976**

CONTENTS

PAGE

Statement Laid on the Table of the House—*Compliance Report of Assurance Laid* 83

Adjournment motion *Re*: Failure of Federal Government to persuade the Indian Government to stop the construction of Salal Dam on the River Chanab—*Deferred* .. .. .. .. .. .. .. .. 84

Adjournment Motion *Re*: Failure of Federal Government to pacify the Public in Dir.—*Ruled out* .. .. .. .. .. .. .. 84

Alteration in the Order of Items on the Orders of the Day—*Allowed* .. .. 98

The Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment) Bill, 1976—*Referred to the Standing Committee* .. .. .. .. .. 99

The Fee-Charging Employment Agencies (Regulation) Bill, 1976—*Referred to the Standing Committee* .. .. .. .. .. .. .. 100

The Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment) Bill, 1976—*Passed* .. .. .. .. .. .. .. 100

The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill, 1976—*Passed* .. .. 110

The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 1976—*Deferred* .. .. .. .. .. .. .. .. 120

PRINTED BY THE MANAGER, PRINTING CORPORATION OF PAKISTAN PRESS, KARACHI
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI : 1977.
*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

Tuesday, November 16, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

**Mr. Chairman:** There are no questions today.

## STATEMENT LAID ON THE TABLE OF THE HOUSE

[*Information about the fulfilment of promised assurance given by Mr. Mumtaz Ali Bhutto, Minister for Communication in reply to Supplementary to Starred Question No.* 45 *put on* 31*st March* 1976 *by Senator Shahzad Gul, regarding the opening of Sub-Post Office in Amazai.*].

With reference to supplementary to the starred question No. 45 put by Senator Nargis Zaman Kayani relating to Sub Post Office at Barakoh (Rawalpindi) and Mr. Shahzad Gul for opening of a Post Office at Amazai and Nalago (Hazra) in the proceedings of the Senate on 31-3-1976, the position is explaind below :—

As regards the expansion of postal facilities at Barakoh (Rawalpindi) it is stated that a Departmental Sub Post Office is already functioning at this place in a shop in the main bazar and the general public is fully satisfied with the working of the Post Office. Notwithstanding, two more Extra-Departmental Branch Offices have been opened in the area w.e.f. 1st October 1976 at Maira Begowal and Shahdara and the village Postman of Barakoh Post Office will now serve the main town and surrounding areas including the village of the Senator Nargis Zaman Kayani daily. The above arrangement, it is hoped, will not only satisfy the Senator but will also help provide improved postal facilities to the local people.

So far as Amazai is concerned, it is stated for the information of " Senator Mr. Shahzad Gul that orders for opening of an Extra-Departmental " Branch Post Office have been issued telegraphically on 2-11-1976 and the Post Office at Amazai is expected to start functioning very soon. With regard to the provision of Postal facilities at Nalago, it is intimated that it has been reported by Postmaster-General, Peshawar, that there is no place by the name of Nalago in Haripur area. The Senator may, therefore, advise the correct name of the place so that action may be taken to provide postal facilities to that locality.

**Mr. Chairman:** We take up adjournment motions. This is an adjournment motion No. 6.

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: FAILURE OF FEDERAL GOVERNMENT TO PERSUADE THE INDIAN GOVERNMENT TO STOP THE CONSTRUCTION OF SALAL DAM ON THE RIVER CHENAB

**Mr. Chairman:** Khawaja Sahib, it is in your name.

خواجہ محمد صفدر (قائد حزب اختلاف) : آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ عزیز احمد تشریف لائیں گے تو پھر اس کو لیں گے -

**Mr. Chairman:** Yes, it stands postponed until this Minister concerned is present.

**Khawaja Mohammad Safdar** (Leader of the Opposition): No. 8.

**Mr. Chairman:** This is about Dir? I think the Minister is present.

خواجہ محمد صفدر : میرے خیال میں نمبر ۸ باقی رہ جاتا ہے آپ اجازت دیں تو میں اسے پیش کروں -

**Mr. Chairman:** Yes.

## ADJOURNMENT MOTION *RE*: FAILURE OF FEDERAL GOVERNMENT TO PACIFY THE PUBLIC IN DIR

**Khawaja Mohammad Safdar:** Sir, I beg leave of the House to move a motion for the adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely, the grave disturbance and resultant loss of life in Dir has perturbed the whole nation. The failure of the Federal Government to "pacify the public in Dir has caused grave concern to the public".

**Khan Abdul Qaiyum Khan** (Minister for Interior, States and Frontier Regions): Sir, I oppose this. This is known that Dir is part of the province of NWFP, and law and order is a provincial subject. The matter relates to law and order, and the proper forum for discussing the subject is the Provincial Assembly.

**Mr. Chairman:** Does any other Gentleman on this side want to say anything for or against the motion?

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for law and Parliamentary Affairs): Dir forms a part of the Provincially Administered Tribal Areas, and as such I consider.......

**Mr. Chairman**: You are repeating the same arguments. Is there any other point that you want to say?

(*pause*)

**Mr. Chairman**: Khawaja Sahib, you see, the argument advanced by the other side is that it is a provincial subject.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ کہا گیا ہے کہ پرائمیرلی اس سے مرکز کا کوئی تعلق نہیں ہے -

جناب چیئرمین : یہ تو نہیں کہا ہے -

Law and order is provincial subject, and it is the Provincial Government which is concerned. It is a Provincially Administered area. The area concerned, namely, Dir is administered by the Provincial Government.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It is a district, as far as I know, Sir.

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, it is a district,

اس کے متعلق میں اتنی گذارش کرنا چاھتا ھوں کہ جو کچھ وھاں ھوا -

ملک محمد اختر (وزیر قانون و پارلیمانی امور) : یہ "ھوا" آپ نہیں کہیں -

You should explain whether the law and order is not a provincial matter. I know what you want to say, and I will not let you abuse this forum. Sir, I am on a point of order. Let him first satisfy that the law and order is a Federal subject, and it is not a provincial matter. He should not go beyond that.

خواجہ محمد صفدر : آپ گھبراتے کیوں ھیں ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** I Know what you are going to say.

**Mr. Chairman :** How can you anticipate this?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, he will malign this Government, and then he would go to some other sort of......

**Mr. Chairman :** No. I won't allow him to malign anybody.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم وزیر قانون نے ایسے مسئلے پر پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ھے جس کا میں نے ابھی ذکر بھی نہیں کیا ھے اور میں نے ابھی فقرہ بھی مکمل نہیں کیا - بہرحال یہ ان کی مرضی ھے میں یہ عرض کر رھا تھا کہ میرے دوستوں نے اور وزراء صاحبان نے کہا ھے کہ یہ صوبائی مسئلہ ھے - کیا وزیر موصوف فرما سکتے ھیں کہ دیر میں فوج اور ھوائی جہاز صوبائی حکومت نے استعمال کئے ھیں ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** On a point of order, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب this is my allegation کس نے استعمال کئے ھیں ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** I knew that he would like to malign the army unnecessarily, but why don't you solve the problem whether it is the responsibility.........

**Mr. Chairman :** Let me address the mover, what he says and what he should say.

**Malik Mohammad Akhtar :** He is making a statement, Sir.

**Mr. Chairman :** No, he cannot make a statement on facts, you see, whether the army was deployed there or not, what is the damage done, loss of life or any other harm done, what is the people, resentment or reaction or whatever you say, these are beyond the points. The only point now before us for decision is ........

خواجہ محمد صفدر : یہی میں ثابت کر رہا ہوں -

**Mr. Chairman :** But not like that.

The only objection taken by the other side is this that it is a provincial subject. Now you tell that this is not a provincial subject.

خواجہ محمد صفدر : یہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ ....

**Mr. Chairman :** You cannot say that.

آپ تو کچھ اور کہہ رہے تھے -

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** In respect of maintaining law and order, if a Provincial Government calls the army or any other force, they have every right to do so but still it is a provincial subject. Law and order is a provincial matter.

**Mr. Chairman :** The thing is, according to the rules, whose responsibility it is to maintain law and order, primarily ?

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** Sir.

**Mr. Chairman :** Listen to me. Resume your seat. Why you are taking the trouble of rising again and again ?

I say, the only question before the House is this, whose responsibility primarily it is to maintain law and order ? Well, the central forces can be called upon, even the army can be called upon to assist the Provincial Government, but that does not become the primary responsibility of the Federal Government. So, you should confess.........

خواجہ محمد صفدر : جناب ! میں عرض کرتا ہوں کہ ذمہ داری کیسے بنتی ہے -

**Mr. Chairman :** Not like that.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman :** I won't listen to you. Nothing should be recorded.

When I am speaking you should listen to me. You are an old parliamentarian and a lawyer of a very long standing. You have to listen to me. Do you agree ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes Sir.

**Mr. Chairman :** You confine your arguments to this one point. According to them, the objection is that Dir is a district administered by the Provincial Government or Provincially Administered Area, and it is their primary responsibility to maintain law and order, and even if they have called army or

either armed forces for assisting them, it does not become the primary responsibility of the Federal Government. The Federal Government can go to the help of the Provincial Government if they are called upon to do so, or to maintain law and order. The question and the crux of the whole thing, the burden of the whole motion is, that the Provincial Government had to maintain law and order and they did it. If they did it at all with the assistance of the armed forces or civil forces, then by mere fact that some armed forces of the Federal Government were called for assistance would not make it a Federal subject, Federal responsibility. So, you confine yourself only to this point.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب ! اجازت ہے ؟

جناب چیئرمین : میں نے ان کو کہا ہے اگر وہ کہتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! صرف ایک منٹ -

جناب چیئرمین : ایسا نہیں ہوگا وہ تو تقریر فرما رہے تھے تو میں نے ان کو کہا کہ آپ دوبارہ اسپر بات کریں تو اب ان کو کہتا ہوں کہ وہ اسی پر بات کریں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں اسی پر بات کروں گا -

جناب چیئرمین : اگر خواجہ صاحب کہتے ہیں کہ مولانا صاحب کو بولنے دیں تو پھر ٹھیک ہے -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میرے بعد ان کو بھی موقع دیجئے شاید وہ اس میں اچھے پوائنٹ کا اضافہ کر سکیں جو کہ ان کے ذہن میں آئے ہیں -

جناب چیئرمین : میں نے کبھی اعتراض نہیں کیا -

خواجہ محمد صفدر : اور ہمیں بھی کبھی گلہ نہیں ہوا - دراصل محترم وزیر داخلہ صاحب جب یہ ارشاد فرما رہے تھے تو میں نے واضح طور پر عرض کیا تھا، بیٹھے بیٹھے، اگرچہ وہ ریکارڈ کا حصہ نہیں ہے کہ وہ وضاحت کر دیں کہ آیا صوبائی حکومت نے مرکزی حکومت سے اس بات کا تقاضا کیا تھا یا درخواست کی تھی کہ "ہمیں فوج کی امداد چاہیئے" لیکن اس بات کا نہ انہوں نے اقرار کیا ہے اور نہ ہی انکار کیا ہے - جو مجھے حالات معلوم ہوئے ہیں -

ملک محمد اختر : پوائنٹ آف آرڈر -

جناب چیئرمین : ملک صاحب ! میری بات سنیں، یہ کہنا کہ فوج یا آرمڈ فورسز فیڈرل گورنمنٹ کی استعمال ہوئیں یہ کہہ سکتے ہیں "انہوں نے کیا کیا کتنا کیا، کیسے

[Mr. Chairman]

کیا، اس میں نہیں پڑ سکتے ھیں mind that because آپ نے کہا ھے کہ فیڈرل گورنمنٹ کی فوج اور آرمڈ فورسز استعمال ھوئیں -

They have come to the assistance of the Provincial Government.

لیکن وہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ انہوں نے کیا کیا ھے ؟ اگر وہ آگے جانا چاھتے تو ان کا یہ کہنا کہ آرمڈ فورسز استعمال ھوئی ھیں یہ تو آپ نے بھی کہا ھے اور وزیر داخلہ نے بھی کہا ھے اس میں کوئی گناہ نہیں ھے یہ تو پریس میں بھی آچکا ھے - لیکن انہوں نے کیا کیا، کیوں کیا، کیسے کیا ؟ اس میں یہ نہیں جا سکتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : اس میں، میں بالکل نہیں جاوں گا -

جناب چیئرمین : اسپر آپ بھی کہتے ھیں کہ آرمڈ فورسز، فوج، فرنٹیر کنسٹیبلری، کنسٹیبلری کور استعمال ھوئی ھے - وہ تو سامنے ھے - اس میں کوئی اختلاف ھی نہیں ھے - اختلاف تو یہ ھے کہ آپ کہتے ھیں کہ یہ پراونشیل سبجیکٹ ھے اور وہ کہتے ھیں کہ یہ فیڈرل سبجیکٹ ھے -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میں عرض کرتا ھوں کہ میں نے محترم وزیر داخلہ کی خدمت میں واضح طور پر یہ سوال کیا تھا کہ کیا صوبائی حکومت نے کسی موقع پر مرکزی حکومت سے یہ درخواست کی تھی کہ ھماری امداد کی جائے، دیر میں کچھ حالات خراب ھیں ان کو درست کرنے کیلئے مرکزی حکومت مدد کرے، انہوں نے میرے اس سوال کا جواب نہیں دیا - جس سے میں نے اندازہ لگایا ھے کہ مرکزی حکومت نے از خود اس معاملے میں دخل دیا ھے - اس لئے دیر کے معاملے میں ....

**Mr. Chairman**: This presumption, this inference, this conclusion drawn by you from his silence is not correct.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! آپ جانتے ھیں -

جناب چیئرمین : انہوں نے یہ کہا ھے کہ فیڈرل گورنمنٹ سے درخواست کر سکتی ھے تو پریزمپشن یہ ھوگا کہ ایسا ھوا ھوگا - اب اس میں جانے کی کیا ضرورت ھے ؟

خواجہ محمد صفدر : اگر ایسی پری زمپشن ھوتی تو وہ مان جاتے -

جناب چیئرمین : تو پھر آپ اس کو اور مسئلہ بنا دیتے -

خواجہ محمد صفدر : حضور والا ! دوسری بات اس سلسلے میں، میں یہ کہنا چاھتا ھوں کہ جہاں تک مرکزی حکومت کا دخل ھے یا وفاقی حکومت کا دخل ھے، وہ میں بات کرنا چاھتا ھوں، جناب والا ! میں عرض کرتا ھوں کہ جہاں تک اس واقعہ کا تعلق ھے اس کے متعلق

کسی کو کوئی علم نہیں ہے - اس کے متعلق اخبارات میں کچھ نہیں آیا ہے - جناب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ارشاد فرمایا ہے کہ جتنی قیمتی جانوں کا اتلاف ہوا ہے -

ملک محمد اختر : پوائنٹ آف آرڈر -

**Mr. Chairman** : Let him Say.

یہ تو وہی کہہ رہے ہیں جو اخباروں میں آگیا ہے -

†[ * * * * * ]

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! آپ اس بات سے اندازہ لگائیں کہ محترم وزیر اعظم کے نزدیک اس بات کی اہمیت یہاں تک ہے -

جناب چیئرمین : دیکھیئے اہمیت تو زیر بحث نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر : میں اس پوائنٹ کے متعلق عرض کر رہا ہوں اور وفاقی حکومت کا تعلق پیدا کر رہا ہوں -

جناب چیئرمین : نہیں تعلق اور چیز ہے اور پرائم منسٹر نے جو کہا ہے، یہ اور چیز ہے -

خواجہ محمد صفدر : جناب انہوں نے خود تسلیم فرمایا ہے -

جناب چیئرمین : دیکھیئے مینٹیننس آف لاء اینڈ آرڈر جو ہے وہ صوبائی مسئلہ ہے اگر وہاں کوئی ڈسٹربینس ہوئی ہے تو ان کو دبانے کیلئے، ڈسٹربینس کو کنٹرول کرنے کیلئے آرمڈ فورس یا پولیس استعمال کی گئی ہے -

That is with a view to maintain law and order.

تو وہ کہتے ہیں یہ پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ہے -

And the Provincial Government is responsible for the maintenance of law and order and they can ask even the Federal Government to come to their help.

تو اس لئے یہ صوبائی مسئلہ ہے -

Federal Government is not primarily concerned.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اجازت ہے، میں کچھ عرض کروں ؟

جناب چیئرمین : اگر پرائم منسٹر یا کوئی منسٹر یا ملک اختر بھی کوئی بیان دے -

That would not make it a Federal responsibility. No. That would not be.

†[ * * * * * ] Expunged as ordered by the Chairman.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! عزت مآب پرائم منسٹر جو ھیں وہ ایگیزیکٹو ھیڈ ھیں اور ان کا بیان جو کچھ انہوں نے فرمایا ھے - خواجہ صاحب زیر بحث لانا چاھتے تھے، لیکن آپ نے جیسا کہ ارشاد فرمایا ھے کہ وہ زیر بحث نہیں لا سکتے تو میں آپ کی خدمت میں ایک دو باتیں عرض کرتا ھوں کہ فیڈرل گورنمنٹ کس طرح اس مسئلے میں ملوث ھے اور یہی آپ نے دریافت فرمایا ھے میں یہ بتانا چاھتا ھوں کہ ....

جناب چیئرمین : نہیں آپ یہ نہیں بتا سکتے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : مسئلہ یہ ھے کہ فیڈرل گورنمنٹ اس میں ملوث ھے یا نہیں اس کی ذمہ داری ھے یا نہیں -

جناب چیئرمین : نہیں ان کا جو پوائنٹ ھے آپ اس کا جواب دیجئے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں وھی عرض کر رھا ھوں اسی پوائنٹ پر آ رھا ھوں کہ فیڈرل گورنمنٹ نے فیڈرل فورسز بھیجیں اس سے تو اختلاف نہیں ھے -

**Malik Mohammad Akhtar:** On a point of order. I have got to refer to a constitutional provision when they are insisting upon it.

**Mr. Chairman:** Which provision.

**Malik Mohammad Akhtar:** Constitution, Sir Article 247 Clause (1). It reads :

> "Subject to the condition the executive authority of the Federation shall extend to the Federally Administered Tribal Areas, and the executive authority of a Province shall extend to the Provincially Administered Tribal Areas therein."

جناب چیئرمین : یہ دونوں طرف سے تسلیم ھے یہ تو وہ بھی مانتے ھیں اور آپ بھی مانتے ھیں، اس میں تو کوئی بات نہیں ھے -

ملک محمد اختر : میں آگے جانا چاھتا ھوں -

جناب چیئرمین : آگے یا پیچھے جا رھے ھیں ؟

ملک محمد اختر : جناب ! ۲۴۶ (بی) -

جناب چیئرمین : یہ تو آپ پیچھے جا رھے ھیں - آگے تو نہیں جا رھے ھیں -

ملک محمد اختر : پیچھے جناب والا !

جناب چیئرمین : ھاں پیچھے کہئے ! آپ تو آگے کہہ رھے ھیں -

**Malik Mohammad Akhtar**: Sir, this is Article 246, part (b). It reads:

"(b) Provincially Administered Tribal Areas" means :—

the districts of Chitral, Dir and Swat ....."

جناب چیئرمین : یہ بھی تسلیم ہے -

ملک محمد اختر : مولانا غالباً سمجھتے ہیں کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ میں آتا ہے لیکن ایسا نہیں -

We cannot interfere at all. We are constitutionally debarred.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں یہی عرض کرنا چاہتا تھا کہ ملک اختر صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھا دیا اور میں آپ کے ارشاد کی تفصیل میں بیٹھ گیا تو لاء اینڈ آرڈر کی بنیادی ذمہ داری صوبائی حکومت کی ہے -

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! میں بھی جاننا چاہتا ہوں اور کوشش کر رہا ہوں کہ آپ سے کچھ سیکھوں -

He says Dir is Provincially Administered Tribal Area.

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi**: It is not tribal area. It is district, independent district. There is no tribal area in the whole district of Dir.

جناب چیئرمین : چلو، ان کو آئین دو -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب ! خود وزیر داخلہ نے فرمایا ہے کہ نہیں وہ ڈسٹرکٹ ہے -

جناب چیئرمین : میں وزیر داخلہ کو آئین کے برخلاف تو نہیں مان سکتا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں یہی عرض کر رہا ہوں -

جناب چیئرمین : میں آپ کو پڑھ کر سنا دوں ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : پڑھ دیجئے -

جناب چیئرمین : ان کو آئین کی ایک کاپی دے دیں -

(اس مرحلے پر ملک محمد اختر صاحب نے مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی کو آئین کی کاپی دی)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں مشکور ہوں کہ وزیر قانون صاحب سے تحفے میں مجھے یہ کتاب مل گئی -

جناب چیئرمین : اب ۲۴۶ کو دیکھئے، پھر (بی) کو دیکھئے، آپ دیکھ رہے ھیں یا نہیں ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : دیکھ رہا ھوں -

جناب چیئرمین : ذرا (اے) کو چھوڑ کر (بی) کو پڑھیے، خود پڑھیے -

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi :** It reads :

246 (b) '"Provincially Administered Tribal Areas" means : the Districts of Chitral, Dir, and Swat...."

جناب چیئرمین : لفظ ایریا ھے یا ٹرائبل ایریا ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ٹرائبل ایریا ھے !

جناب چیئرمین : اب آپ خود اپنی زبان سے پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا پڑھئے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اسکے آگے بھی دیکھیئے -

جناب چیئرمین : آگے نہ جائیے، آگے تو ڈسکرائب کرتے ھیں کہ کونسے کونسے ضلعے ھیں اور آپ کو یہ بتانا تھا کہ یہ پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ھے کیونکہ آپ پہلے تسلیم نہیں کرتے تھے کہ یہ پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ھے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ٹھیک ھے -

جناب چیئرمین : پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ھے اور آپ نے فرمایا تھا کہ لفظ ٹرائبل ایریا نہیں ھے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس وقت لفظ سنٹرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا کی بات ھو رھی تھی تو میں نے عرض کیا کہ وہ سنٹرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا نہیں ھے، بلکہ ڈسٹرکٹ ھے -

جناب چیئرمین : مولانا صاحب آپ کہتے کہ دیر جو ھے وہ پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ھے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی -

جناب چیئرمین : ٹرائبل ایریا کہیے !

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی، بالکل ٹھیک ھے اور آئین میں ھے -

جناب چیئرمین : آپ نے تو کہا لفظ ٹرائبل ایریا نہیں ھے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے جو کہا تھا وہ سنٹرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا کی بات کی تھی اس لئے میں نے کہا تھا اور میں مانتا ہوں کہ سنٹرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا نہیں ہے وہ ڈسٹرکٹ ہے اور صوبائی حکومت اس کا انتظام چلاتی ہے اب میں دوسری بات عرض کرتا ہوں -

جناب چیئرمین : شاید میں غلط سمجھا ہوں - اب پتہ نہیں ہے کہ ایوان نے کیا سمجھا ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا نہیں ہے تو میں نے اس لئے کہا کہ آپ پڑھیے کہ ٹرائبل ایریا ہے - ایڈ منسٹرڈ ٹرائبل ایریا نہیں ہے تو میں نے اس لئے کہا کہ آپ پڑھیے کہ ٹرائبل ایریا ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : پڑھ لیا -

جناب چیئرمین : ٹرائبل ایریا دو قسم کے ہیں - ایک فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ہے اور دوسرا پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ہے اور جو ایجنسیاں ہیں، وہ شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان، مہمند اور خیبر وغیرہ وغیرہ، وہ فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا میں ہیں اور دیر، سوات، چترال، وغیرہ جو ہیں یہ پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا میں ہیں - اب آپ بتائیے کہ آپ نے کہا تھا کہ لفظ ٹرائبل ایریا نہیں ہے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں جس ٹرائبل ایریا کا ذکر کر رہا تھا وہ فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ہے اور وہ واقعی نہیں ہے وہ پروانشیلی ہے -

جناب چیئرمین : آپ نے کہا تھا نا ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میرے سننے میں فرق ہوا ہے -

جناب چیئرمین : دیکھئے صبح سے ہم یہی کہتے رہے ہیں کہ پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ہے اس لئے اس کا صوبہ ذمہ دار ہے -

( مداخلت )

جناب چیئرمن : نہیں نہیں، مولانا صاحب ! مجھ سے غلطی ہوئی ہے لیکن اب آپ مجھے یہ بتائیے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میرے عرض کرنے میں غلطی ہوئی ہے -

جناب چیئرمین : میں عرض کرتا ہوں کہ شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان وغیرہ جو ہیں ان کو اس آئین میں ڈسکرائب کیا گیا ہے فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا اور دیر، سوات، چترال اور امب وغیرہ جو ہیں انکو پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا کے طور پر ڈسکرائب

کیا گیا ہے اور آپ نے کہا کہ یہ غلط ہے پروانشیلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا کا لفظ نہیں ہے اسلئے میں نے آپ کو کہا کہ آپ خود پڑھئے تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے - آپ نے کہا کہ ٹرائبل کا لفظ نہیں ہے - کیا آپ نے نہیں کہا تھا یا میں نے غلط سمجھا تھا ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میرے سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے -

ملک محمد اختر : میری کتاب تو واپس کر دیجیئے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : کتاب آپ نے مجھے دے دی ہے اور جناب چیئرمین صاحب کے سامنے دی ہے اب آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ مجھے واپس دے دیں -

جناب چیئرمین : اس میں کیا حرج تھا - اب آپ نے کہہ دیا کہ میں غلط سمجھا تھا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے عرض کر دیا ہے کہ میں نے غلط سمجھا تھا -

جناب چیئرمین : اب آپ نے کہا کہ میں نے غلط سمجھا تھا - مجھے تھکا کر ہی آپ نے کہا - پہلے کہہ دیتے کہ ٹھیک ہے میں نے غلط سمجھا تھا - میرا دم تو آپ نے ختم کیا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں سمجھتا ہوں کہ آپ نہ تھکنے والے آدمی ہیں -

جناب چیئرمین : میں ایسے تو نہیں تھکتا لیکن آپ تھکا دیتے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : سات آٹھ میل چلنے کے بعد بھی آپ نہیں تھکتے اسلئے میں نے کہا کہ آپ نہ تھکنے والے آدمی ہیں -

جناب چیئرمین : یہ آپ پہلے کہہ دیتے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ لاء اینڈ آرڈر کی سچوئیشن پر کنٹرول کرنا، صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے -

جناب چیئرمین : دیر کو بھی شامل کرکے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی ہاں دیر کو بھی شامل کرکے، کوئی اختلاف نہیں ہے - سوال یہ ہے کہ یہ اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ وہاں گڑبڑ ہوئی ہے یہ اس بات کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ مرکزی حکومت سے باقاعدہ امداد طلب کی گئی

†[ * * * * * ]

وزیر اعظم صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے -

†[ * * * * * ] Expunged as ordered by the Chairman.

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! آپ کیا فرماتے ھیں ؟

خواجہ محمد صفدر : میں جناب والا ! ایک بات کی وضاحت کرنا چاھتا ھوں -

جناب چیئرمین : میں نے تو آپ کو شیر سجھا ھے - شیر تیرتے وقت سیدھا تیرتا ھے - آپ سیدھی بات کرتے کرتے ٹیڑھی بات کر جاتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : میں تو سیدھی بات کرتا ھوں -

جناب چیئرمین : میں آپ سے نہیں، مولانا صاحب سے کہہ رھا ھوں -

†[ * * * * * ]

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! اس بحث میں جو آپ کے اور مولانا صاحب کے درمیان ھوئی -

جناب چیئرمین : وہ تو ھم دونوں نے فیصلہ کر لیا ھے، انہوں نے مان لیا ھے -

خواجہ محمد صفدر : انہوں نے جو مانا ھے وہ درست نہیں مانا ھے - میں آپ سے اختلاف کرتا ھوں -

جناب چیئرمین : اب پھر آپ انہیں پشیمان کرنا چاھتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : میں آپ سے اختلاف کرتا ھوں - چاھیے کہ اس کا ریکارڈ جو ھے ..

( مداخلت )

جناب چیئرمین : میں آپ کو اجازت دیتا ھوں - میں آپ کو نہیں روکوں گا - میں نے ان کو جب سجھانے کی کوشش کی تو وہ سجھ گئے - انہوں نے اعتراف کیا کہ انہوں نے غلط سجھا تھا -

خواجہ محمد صفدر : میں نہیں سجھا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے کہا ھے کہ ممکن ھے کہ میں نے غلط سجھا ھو - میں نے یہ تو نہیں کہا کہ یہ بات غلط ھے -

جناب چیئرمین : ھائے اس زود پشیمان کا پشیمان ھونا - اب مولانا صاحب کہتے ھیں کہ ممکن ھے کہ میں غلط سجھا ھوں -

---

†[ * * * * * ] Expunged as ordered by the Chairman.

ملک محمد اختر : میں اس کا پہلا مصرعہ پڑھے دیتا ھوں :

کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ

جناب چیئرمین : قتل تو میں کرنے نہیں دیتا - مولانا صاحب آپ آنکھیں بند کرکے ان کی بات نہ مانئیے - ورنہ آپ کو دس مرتبہ پشیمان کرائیں گے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے عرض کیا ہے کہ ھو سکتا ھے کہ میرے سمجھنے میں غلطی ھوئی ھو - ملک صاحب صحیح فرما رہے ھوں گے - لیکن اب خواجہ صاحب اس کی تصحیح فرما دیں گے - آدمی غلط بھی سمجھ سکتا ھے -

جناب چیئرمین : میں نے عرض کیا ھے کہ لفظ ٹرائیبل ایریا ھے آپ نے اتنا فرمایا تھا کہ پراونشیلی ایڈمنسٹرڈ ھے - لفظ ٹرائبل ایریا نہیں ھے - خواجہ صاحب ! فرمائیں جو کچھ فرماتے ھیں - اس نقطے سے نہ ھٹئے گا -

خواجہ محمد صفدر : میں اس نقطہ سے نہیں ھٹوں گا - میں نہایت ھی ادب سے اس امر سے اختلاف کرتا ھوں کہ دیر پراونشیلی ٹرائبل ایریا ھے دیر مالاکنڈ ڈویژن کا ایک ضلع ھے - مالاکنڈ ڈویژن میں تین ضلعے ھیں - ایک چترال ھے ایک سوات ھے اور ایک دیر ھے محترم صدر مملکت صاحب کے آرڈر سے یہ ڈویژن بن چکی ھوئی ھے - اور یہ تینوں ضلعے ھیں -

جناب چیئرمین : میں مانتا ھوں کہ یہ ڈویژن مالاکنڈ ھے - اس میں تین ضلعے ھیں چترال دیر اور سوات - یہ بھی مانتا ھوں کہ پریزیڈنٹ صاحب کے آرڈر کے تحت یہ بنی ھوئی ھے -

خواجہ محمد صفدر : محترم وزیر قانون صاحب اس بات پر اصرار کر رہے تھے کہ پراونشلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا ھے - دراصل ایسا نہیں ھے - مستقل ضلع بن چکا ھوا ھے اور عام انتظامیہ، جیسا کہ دوسرے ضلعوں میں ھوتی ھے، ویسی ھی وھاں پر بھی ھے -

جناب چیئرمین : میں مانتا ھوں -

ملک محمد اختر : میں نے ڈسٹرکٹ کہا ھے - پراونشلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ڈسٹرکٹ کہا ھے -

جناب چیئرمین : اس میں تو کوئی اختلاف نہیں ھے کہ یہ ڈسٹرکٹ ھے اس کی تعریف کی گئی ھے، پراونشلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریا -

and it is a district.

خواجہ محمد صفدر : اب جناب میں حوالہ دیتا ھوں آرٹیکل ۲۴۷ (٦) -

May I read it, Sir?

**Mr. Chairman:** Yes.

**Khawaja Mohammad Safdar :** "247(6): The President may, at any time by Order, direct that the whole or any part of a Tribal Area, shall cease to be Tribal Area, and such Order may contain such incidental and consequential provisions, as appear to the President to be necessary and proper".

اس اختیار کو محترم صدر مملکت صاحب نے استعمال کرکے اس کو ٹرائیبل ایریا کی صفت بلکہ صف سے علیحدہ کر دیا ۔

**Mr. Kamran Khan :** Sir, may I make a submission.

**Malik Mohammad Akhtar :** It is a Provincially Administered Tribal District.

**Mr. Chairman :** Yes.

**Mr. Kamran Khan :** Sir I beg to differ with my honourable friend, Khawaja Mohammad Safdar, that power of the President has not been exercised so far, and Swat, Dir, Chitral and Malakand Agency are still Tribal Areas though provincially administered. Sir, I may submit that....

**Mr. Chairman :** It is for my information. Do you agree that Dir is still a Provincially Administered Tribal Area... ?

**Mr. Kamran Khan :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** And Khawaja Sahib's argument is not quite correct and you don't agree with his argument ?

**Mr. Kamran Khan :** I beg to differ with him.

**Mr. Chairman :** All right. So, we all, Malik Mohammad Akhtar, the Interior Minister, myself and even Maulana Sahib, agree that it is a Provincially Administered Tribal Area.

**Mr. Kamran Khan :** Quite right, Sir, but there is another point.

**Mr. Chairman :** I will listen to you, but it is a Provincially Administered Tribal Area.

**Mr. Kamran Khan :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** All right. Now, you proceed ahead.

**Mr. Kamran Khan :** Sir, the Federal Government has a greater say in the affairs of these Provincially Administered Tribal Areas than the Provincial Government itself. No. Provincial law, can automatically apply to these areas without the consent and without the approval of the Federal Government. Therefore, whatever is done there, the Federal Government also has the responsibility for that.

†[ * * * * * ]

**Mr. Chairman :** We are still revolving around the point whether it is a Provincially Administered Area, call it District, or Tribal Area or whatever name you give it. Nomenclature is not very material. Whether it is Provincially Administered Tribal Area or it is District, that makes no difference. The question is of law and order that has to be maintained. Yes.

* * * * * ]† Expunged as ordered by the Chairman.

جناب شہزاد گل : جناب والا ! سب کو معلوم ہے کہ اس وقت ملک میں ایمرجنسی نافذ ہے - آئین کے آرٹیکل ۲۳۲ کے تحت ایمرجنسی میں بنیادی طور پر لاء اینڈ آرڈر، فیڈرل گورنمنٹ کا سبجیکٹ بن جاتا ہے - فیڈرل گورنمنٹ سارے ملک میں جس جگہ چاہے کنڑول کر سکتی ہے - یہ ہنگامی حالت کے تحت مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے - اسی طرح دیر میں جو واقعات رونما ہوئے ہنگامی حالت کی بناء پر یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے - تو اس وجہ سے جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ کا اس کے ساتھ تعلق نہیں ہے - یہ ٹھیک نہیں ہے - نارمل حالت میں نہیں ہے، لیکن ہنگامی حالت میں فیڈرل گورنمنٹ کی ذمہداری ہے اس لئے اس کو زیر بحث لایا جا سکتا ہے -

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir. I would again contradict him that the executive authority of the Provincially Administered Tribal Areas under clause 247(2) is of the Province concerned.

جناب شہزاد گل : نارمل حالات میں صوبائی گورنمنٹ کی ذمہداری ہے - لیکن ہنگامی حالت میں ان کی ذمہداری ہے -

Even now, unless some special proclamation is made....

**Mr. Chairman :** We had enough discussion.

Mr. Masood Ahmad Khan, you want to say, something.

**Mr. Masud Ahmad Khan :** I agree with the Law Minister.

**Mr. Chairman :** So, we have heard sufficient arguments on this point.

In view of the constitutional provision I hold that Dir, though a district, is still a Provincially Administered Tribal Area and as such the maintenance of law and order is primarily the responsibility of the Provincial Government. Therefore, the motion is held out of order.

I think, the time is also over. Now, Malik Mohammad Akhtar, you have to move item No. 2.

## ALTERATION IN THE ORDER OF ITEMS ON THE ORDERS OF THE DAY

**Mr. Abdul Sattar Gabol** (Minister of State for Labour and Manpower) : Mr. Chairman Sir, I want to make a small request. Item Nos. 8, 9, 10, and 11 under the Legislative Business are to be referred to the Standing Committees. You have put them at the bottom of the list.

**Mr. Chairman :** Who has decided that they are to be referred to the Standing Committees ?

**Mr. Abdul Sattar Gabol :** Sir, there is a proposal that they should be referred to the Standing Committees.

**Mr. Chairman :** There is your motion with regard to this Bill which is for consideration and passage. Well, an amendment has been moved by the Opposition that it should be referred to the Standing Committee, but decision has not so far been taken.

**Mr. Abdul Sattar Gabol:** These are my suggestions. Malik Akhtar's Bills, are for consideration. I requested that my Bills may be taken first, so that we can do some work at the Standing Committee.

**Mr. Chairman:** You want to move your Bills. You want us to pass the amendment and then take up Legislative Business. I do not mind. Do You agree, Malik Mohammad Akhtar?

**Malik Mohammad Akhtar:** Yes Sir.

**Mr. Chairman:** Khawaja Mohammad Safdar, do you also agree?

**Khawaja Mohammad Safdar:** Yes Sir.

**Mr. Chairman:** All right.

## THE NEWSPAPER EMPLOYEES (CONDITIONS OF SERVICE), (AMENDMENT), BILL, 1976.

**Mr. Abdul Sattar Gabol:** Sir I beg to move:

> "That the Bill further to amend the Newspaper Employees (Conditions of Service), Act, 1973 [The Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment), Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman:** The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Newspaper Employees (Conditions of Service), Act, 1973 [The Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment), Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Khawaja Mohammad Safdar:** Sir with your permission, I beg to move:

> "That the Newspaper Employees (Conditions of Service) Amendment) Bill, 1976, be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. Chairman:** The motion moved is:

> "That the Newspaper Employees (Conditions of Service) (Amendment) Bill, 1976, be referred to the Standing Committee concerned."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman:** All right, the Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

Now, you need not move item No. 9. The motion is redundant now, you move item No. 10.

## THE FEE-CHARGING EMPLOYMENT AGENCIES (REGULATION) BILL, 1976

**Mr. Abdul Sattar Gabol :** Mr. Chairman, Sir, I beg to move :

"That the Bill to regulate the working of fee-charging and other employment agencies, conducted with a view to profit for placement of workers within Pakistan. [The Fee-Charging Employment Agencies (Regulation), Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

"That the Bill to regulate the working of fee-charging and other employment agencies, conducted with a view to profit for placement of workers within Pakistan. [The Fee-Charging Employment Agencies (Regulation), Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

No opposition ?

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Opposed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

" That the Fee-Charging Employment Agencies (Regulation) Bill, 1976, be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. Abdul Sattar Gabol :** Not opposed.

**Mr. Chairman :** The question before the House is :—

" That the Fee-Charging Employment Agencies (Regulations) Bill, 1976 be referred to the Standing Committee concerned."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The Bill stands referred to the Standing Committee concerned.

Now, No. 11 you need not move. That has also become redundant. Yes, Malik Sahib.

## THE CRIMINAL LAW AMENDMENT (SPECIAL COURT) (SECOND AMENDMENT) BILL, 1976

**Malik Mohammd Akhtar :** Sir, I beg to move :

'That the Bill, further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court), Act, 1976. [The criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment), Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

'That the Bill, further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court), Act, 1976. [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment), Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khawaja Mohammad Safdar:** Opposed:

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, it is a simple two-clauses Bill. The object is that as soon as the accused appears or is brought before the court, the formal charge referred to in section 5 shall be read and explained to him or to them, and each one of the accused shall be asked whether he is guilty or not.

Then, Sir, if the accused refuses to plead guilty or claims to be tried, he shall be deemed to be pleading not guilty and he shall be tried.

Then, Sir, the saving clause has been provided that whatever occured in this reading of the charges to the accused persons, earlier than the passing of the Proclamation of the Presidential Ordinance, which is now being taken up as a Bill, shall not effect whatever has happened earlier. That is to say, we are not making it retrospective.

Sir, this law is beneficial for the accused. Some objection may be taken, some sort of omission of the word 'defence', that the accused in any form is being deprived of the right of defence is not correct, because this was taken earlier sometime in the other House, and, I say, the defence is very much there. Sir, it is only a beneficial provision to samplify the trial and also to make progress in the trial of the accused. Supposing a person is accused and he will not answer the court, then what will happen in that case? He will be deemed to be pleading not guilty and he shall be prosecuted. Sir, the right of defence is very much there and whatever I have said I need not repeat. This is my submission.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! مجھے محترم وزیر قانون سے اس بات پر کلی طور پر اتفاق ہے کہ یہ بل ایک مختصر بل ہے جیسا کہ انہوں نے ارشاد فرمایا جناب والا ! اس میں میرے نقطہ نظر سے اصولی طور پر کوئی ایسی بات نہیں ہے جس سے کوئی شدید اختلاف کیا جائے اگرچہ مجھے وزیر قانون سے اس بات پر اختلاف ہے کہ اس بل سے ملزمان کو فائدہ پہنچے گا - میں یہ نہیں مانتا - میرے خیال میں یہ غیر ضروری بل ہے - یہ ایک ایسا بل ہے جس کو سٹیچیو بک پر اگر نہ بھی لایا جائے تو بھی میرے خیال میں ملزمان کو کوئی فرق نہیں پڑتا اور نہ ہی پراسیکیوشن کو زحمت ہوتی ہے - میرے محترم دوست، جناب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ صاحب ! اگر کوئی ملزم جواب نہیں دیتا ہے تو کیا صورت بنے گی ؟ تو میں عرض کرتا ہوں کہ شاید وہ بھول گئے ہیں وہ اصل قانون کی طرف توجہ کریں جس میں یہ ترمیم ہو رہی ہے - اس میں نہایت واضح طور پر یہ درج ہے کہ ملزمان سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ اقرار جرم کرتے ہیں یا نہیں کرتے ہیں ؟ تو تین صورتوں کا حوالہ اصل قانون میں دیا گیا ہے -

"Whether he is guilty or has any defence to make or does he not plead guilty?"

تینوں باتیں پہلے سے موجود ہیں - ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص ان تینوں میں سے کسی کا مجرم نہیں ہے اور اقرار جرم نہیں کرتا ہے تو پراسیکیوشن کیلئے لازم ہوگا کہ وہ شہادت اپنی طرف سے پیش کرے - اگر وہ کہتا ہے کہ مجھ پر مقدمہ چلائیے اور جرم ثابت کیجئے، تو اس کا کیا مطلب ہوگا ؟ اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ اقرار جرم کر رہا ہے -

جناب چیئرمین ! پہلے ایکٹ میں ہے کہ وہ انکار کرتا ہے اور بالکل جواب ہی نہیں دیتا - اصل ایکٹ میں یہ ہے کہ دریافت کیا جائے کہ آیا وہ اقبال جرم کرتا ہے یا نہیں، تو وہ تین تو ہیں - یہ بھی ہے کہ یا انکار کرے گا کہ میں جواب ہی نہیں دیتا :

(cc) "If any accused is added to the list of accused persons referred to in sub-section (1) of section 5 after the examination of any witness and if such accused pleads not guilty or refuses to plead or claims to be tried, or is not convicted by the Special Court, on his plea of ..........".

جناب چیئرمین : یہ آخری والی پڑھیں یہ اوریجنل ایکٹ سے آپ پڑھ رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : یہ جو سابقہ امنڈمنٹ ہوئی ہے اس کو انکار پوریٹ کرتے ہوئے پڑھ رہا ہوں -

جناب چیئرمین : وہ پڑھیے -

**Khawaja Mohammad Safdar:** "If any accused is added to the list of accused persons referred to in sub-section (1) of section 5 after the examination of any witness and if such accused pleads not guilty or refuses to plead, or claims to be tried, or is not convicted by the Special Court on his plea of guilt (if made), the Special Court may recall and rehear all such witnesses whose evidence in its opinion affects such accused;" and so on and so forth.

(a) "as soon as the accused appears or is brought before the Special Court, the formal charges referred to in section 5 shall be read and explained to the accused, and he shall be asked whether he is guilty or has any defence to make;"

یہ بڑا واضح ہے کہ غیر ضروری ہے - بہرحال اس میں دو رائیں ہو سکتی ہیں - محترم وزیر قانون یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ضروری ہے - اور اسی لئے تو وہ اسے لائے ہیں لیکن میری رائے ہے کہ اسکے بغیر بھی کام ہو سکتا ہے -

جناب چیئرمین : کوئی جواب ہی نہیں دیتا تو اس کا یہ مقصد نکلے گا کہ وہ اقبال جرم نہیں کرنا چاہتا انہوں نے مختصر اور صاف کر دیا ہے - زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وضاحت کر دی گئی ہے -

جناب چیئرمین : اور یہ وضاحت ملزمان کے حق میں ہے - اس کا یہ نتیجہ نہیں نکلے گا کہ میں گنہگار ہوں - اسکی خاموشی کے یہ معنی ہوں گے کہ وہ اقبال جرم نہیں کرنا چاہتا -

خواجہ محمد صفدر : خاموشی نیم رضا تصور نہیں کی جائے گی - جناب والا ! میں اس موضوع پر اس معزز ایوان کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کیونکہ پہلے خاصا وقت گذر گیا ہے میں چاہتا ہوں کہ میرے محترم دوست وزیر صاحب کی کار گذاری میں بھی اضافہ ہو مجھے ان کا خیال ہر لحاظ سے ہے -

جناب چیئرمین : آپ ان کو دوست تو بار بار کہتے ھیں لیکن دوستی کا حق نہیں دیتے -

ملک محمد اختر : اب مولانا صاحب سے زیادہ ھو گئی ھے - اس کا کیا علاج کیا جائے ؟

خواجہ محمد صفدر : اس کے علاوہ سیکنڈ ریڈنگ پر بھی کچھ باتیں ھوں گیں -

**Mr. Chairman :** Do you press your amendment ?

خواجہ محمد صفدر : اس کی ضرورت نہیں ھے -

**Mr. Chairman :** Now, I will put the question.

The question before the House is :

"That the Bill further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment Special Court) (Second Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

(*The motion was adopted* )

**Mr. Chairman :** The motion is carried.

All right, then we start second reading. Clause by clause discussion.

Yes, there is an amendment to Clause 2.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That in Clause 2 of the Bill, para (a) be omitted and para (b) be re-numbered as para (a)."

**Mr. Chairman :** The amendment moved is :

"That in Clause 2 of the Bill, para (a) be omitted and para (b) be re-numbered as para (a)."

**Malik Mohammad Akhtar :** Opposed, Sir.

اصول سے اتفاق کرنے کے بعد یہ امنڈمنٹ آپ کی نہیں رھتی ھے -

خواجہ محمد صفدر : غلطی تو میں پوائنٹ آوٹ کر دیتا ھوں -

**Mr. Chairman :** It will not be a lengthy argument.

خواجہ محمد صفدر : جناب ! لمبی تقریر نہیں ھوگی، میں آپ کی وساطت سے عرض کرنا چاھتا ھوں کہ آپ اوریجنل ایکٹ میں دیکھیں تو یہی کلاز ھے - اگر ان دونوں کلازوں کا مقابلہ کیا جائے تو آپ اس نتیجے پر پہنچیں گے کہ اوریجنل ایکٹ میں صیغہ واحد استعمال کیا گیا ھے اور یہاں صیغہ واحد کی بجائے صیغہ جمع استعمال کیا گیا ھے - اب جناب ! میں وزیر قانون کو یہ پڑھا تو نہیں سکتا لیکن ھمارے ھاں اس ملک میں ایک قانون ھے جس

[Khawaja Mohammad Safdar]

کو جنرل کلازز ایکٹ کہتے ھیں - اسکی سیکشن ۱۳ میں لکھا ھے، یہ میرے پاس موجود بھی ھے، لیکن میں اس کے الفاظ پڑھے دیتا ھوں -

"Words in the singular shall include plural."

سیکشن ۱۳ کا سب سیکشن ۲ اگر دیکھا جائے، اگر محترم وزیر قانون دیکھیں گے تو اصل ایکٹ میں وضاحت ھے -

جناب چیئرمین : وہ تو مانتے ھیں -

خواجہ محمد صفدر : اگر وہ مانتے ھیں تو پھر اس امنڈمنٹ کی ضرورت کیوں لاحق ھوئی ؟ اس بنا پر میں نے کہا تھا کہ یہ غیر ضروری مسودہ قانون ھے اس میں کسی قسم کا کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، کوئی بہتری نہیں کی گئی ھے - اور کوئی نقصان بھی نہیں کیا گیا ھے - محض اس ملک کا وقت ضائع ھو رھا ھے اس ملک کا سرمایہ ضائع ھو رھا ھے - تو اسلئے پیرا "اے" جو ھے اس میں جب صیغہ واحد استعمال ھوگا تو ھمیشہ ھمیشہ جمع کا مطلب لیا جا سکتا ھے - اگر مذکر کا صیغہ استعمال کیا جائے تو مونث کا مطلب بھی لیا جا سکتا ھے - جیسا کہ سیکشن ۱۳ میں ھے -

"Masculine includes feminine."

ملک محمد اختر : جناب والا ! یہی میں کہنے والا تھا - اس سے مولانا ناراض ھو جائیں گے -

جناب چیئرمین : وہ کیوں ناراض ھوں گے ؟

ملک محمد اختر : جناب ! جنرل کلاز میں ھے کہ مذکر مونث کو اور مونث مذکر کو کور کرتا ھے - جیسا کہ انہوں نے تسلیم کیا ھے -

**Mr. Chairman :** All right. Now, the question before the House is :

"That in Clause 2 of the Bill, para (a) be omitted and para (b) be re-numbered as para (a)."

(*The amendment was negatived.*)

**Mr. Chairman :** The amendment is lost. Now, I will put the original Clause.

The question before the House is :

"That Clause 2 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** Clause 2 stands part of the Bill. Now, No. 3. Yes,

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

That clause 3 of the Bill be substituted by the following :—

"3. Insertion of new section 6A in the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 (XVII of 1976)—

6A. *Saving* :—Nothing in this Act shall be deemed to require the formal charges referred to in section 5 of the aforesaid Act to be read and explained to an accused to whom they have already been read and explained before the commencement of the Criminal Law Amendment (Special Court Third Amendment) Ordinance, 1976, (XXXIII of 1976), or to require any such accused to be asked whether he pleads guilty."

**Mr. Chairman :** There are two amendments of yours for clause 3. You have moved the second one but not the first ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, as the first one relates to omission of the clause I cannot move it.

**Mr. Chairman :** All right. The amendment moved is :

That clause 3 of the Bill be substituted by the following :—

"3. Insertion of new section 6A in the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 (XVII of 1976)—

6A. *Saving* :—Nothing in this Act shall be deemed to require the formal charges referred to in section 5 of the aforesaid Act to be read and explained to an accused to whom they have already been read and explained before the commencement of the Criminal Law Amendment (Special Court Third Amendment) Ordinance, 1976, (XXXIII of 1976), or to require any such accused to be asked whether he pleads guilty."

**Malik Mohammad ..Akhtar :** Opposed, Sir, I do not think there is any difference in it.

**Mr. Chairman :** Khawaja Sahib would you like to say something ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir. I have to make a very interesting point from my point of view, and I think I will carry the House with me.

جناب چیئرمین ! آپ اس ترمیمی بل کو ملاحظہ فرمائیں اور اس کی کلاز تین کی عبارت بالکل میری ترمیم کی سی ہے ماسوائے اس کے عنوان کے - امنڈنگ بل کے متعلق بنیادی طور پر یہ طے شدہ امر ہے کہ اس نے اصل قانون میں جا کر شامل ہونا ہے یہ بات طے شدہ ہے کیونکہ یہ امنڈنگ بل اپنے طور پر ایک علیحدہ بل نہیں ہے - یہ ایک ترمیمی بل ہے اور اس نے اصل قانون میں جاکر مدغم ہونا ہے تو میں نہایت ادب سے محترم وزیر قانون سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کلاز تین کیلئے اصل قانون میں انہوں نے کہاں گنجائش مقرر

[Mr. Chairman]

فرمائی ہے ظاہر ہے کہ اس عبارت کیلئے کوئی گنجائیش نظر نہیں آتی اب فرض کیجئے کہ آج سے چھ ماہ بعد اصل قانون جس میں یہ ترمیم شامل ہو جاتی ہے ایک نیا ایڈیشن شائع ہوتا ہے تو اس میں یہ سیونگ کلاز شامل نہیں ہو سکتی ہے -

ملک محمد اختر : ہو سکتی ہے -

خواجہ محمد صفدر : مجھے بڑی خوشی ہوگی اگر شامل ہو یہ indemnity کلاز محترم وزیر قانون ارشاد فرما رہے ہیں کہ شامل ہو سکے گی - تو میں ان کی توجہ نئے آرڈننیسوں کی طرف دلاتا ہوں جو حال ہی میں اس ایوان کی میز پر رکھے گئے ہیں -

ملک محمد اختر : ان کے متعلق اس موقع پر کہیے -

خواجہ محمد صفدر : میں مثال دے رہا ہوں یہ آرڈیننس نمبر ۲۰ میرے ہاتھ میں ہے اس آرڈیننس کے ذریعہ سے پاکستان آرمز آرڈیننس ۱۹۷۶ء میں ترمیم کی ہے اور اس ترمیمی آرڈیننس کو آپ ملاحظہ فرمائیں کہ ایک نئی کلاز اس نئے ترمیمی آرڈیننس میں شامل کی گئی ہے اور اس کا عنوان اس طرح رکھا ہے -

"Insertion of new section 11B, W.P. Ordinance No. XX of 1965 :—

In the Pakistan Arms Ordinance, 1965 (W.P. Ordinance No. XX of 1965) hereinafter referred to as the said Ordinance, after section 11A, the following new section shall be inserted, namely :—"

**Malik Mohammad Akhtar:** No, harm, we agree to it. We agree that it can be done in this way also.

خواجہ محمد صفدر : جناب آپ اس آرڈیننس کو ملاحظہ فرمائیں -

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, this is a common practice.

میں بھی سو دو سو قوانین بتا سکتا ہوں کہ اس طرح کرنے کے بعد شامل ہو سکتی ہے -

خواجہ محمد صفدر : وہ نہیں ہو سکتی ہے یہ آرڈیننس ۴۴ کی کلاز ہے - میری کنٹینشن یہ ہے اس کو separate کرتے ہوئے محترم وزیر قانون نے یہ آرڈیننس جاری کرایا ہے اور اس طرح اس میں بھی درج ہے -

In this Ordinance No. XLIV of 1976 relating to the regulation of Mines and Oil—fields and Mineral Development it is written as follows :—

"Insertion of new section 3A, and 3B, Act XXIV of 1948."

اپ ملاحظہ فرمائیں -

ملک محمد اختر : پڑھنے کی کیا ضرورت ہے ؟

We do not disagree.

**خواجہ محمد صفدر :** میں نہیں پڑھتا، تو جناب والا ! دراصل یہ ڈرافٹنگ کی خامی ھے اس لئے میں اس کیلئے محترم وزیر قانون کو مورد الزام نہیں ٹھہراتا کیونکہ وہ ایک معروف شخصیت ھیں انہیں اور بھی بہت سے کام ھیں اور وہ اتنا باریکی سے مطالعہ نہیں کر سکتے اور میں یہ بھی جانتا ھوں اور مجھے اعتراف ھے کہ محکمہ قانون میں بڑے بڑے قابل اور بڑے فاضل لوگ بیٹھے ھیں لیکن وہ بھی انسان ھیں ان سے بھی غلطی ھو سکتی ھے اور ھر وقت غلطی ھو سکتی ھے میں بھی غلطی کر سکتا ھوں کوئی دوسرا بھی کر سکتا ھے تو میرا کام صرف یہ ھے کہ نہایت ادب سے میں اپنے دوستوں کی خدمت میں یہ عرض کرتا ھوں کہ یہاں یہ غلطی رہ گئی ھے اگر وہ مانیں تو ”چشم ما روشن دل ما شاد“ میں نے اپنا فرض ادا کر دیا ھے اب یہ ان کا کام ھے کہ وہ مانیں یا نہ مانیں -

**Malik Mohammad Akhtar :** We are grateful to the honourable Senator for going deep in the study of the Bills but I assure him that we still go deeper when we prepare a draft for legislation. Both the ways are open ; as presented to the House or as suggested by him. We consider that this is a better way.

**Mr. Chairman :** All right. Now, I move the motion.

The question before the House is :

That clause 3 of the Bill be substituted by the following :—

"3. Insertion of new section 6A in the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 (XVII of 1976)—

6A. *Saving.*—Nothing in this Act shall be deemed to require the formal charges referred to in section 5 of the aforesaid Act to be read and explained to an accused to whom they have already been read and explained before the commencement of the Criminal Law Amendment (Special Cort Third Amendment) Ordinance, 1976 (XXXIII of 1976, or to require any such accused to be asked whether he pleads guilty."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The amendment is lost.

Now, the question before the House is :

"That Clause 3 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** Now the question before the House is :

"That Clause 4 forms of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The question before the House is :

"That Preamble Title and clause 1 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I beg to move:

"That the Bill further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment) Bill 1976] be passed.

**Mr. Chairman:** The motion made is:

"That the Bill further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment) Bill 1976] be passed.

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi:** Opposed.

**Mr. Chairman:** Would you like to say something?

**Maulana Shah Ahmed Noorani Siddiqi:** Yes, Sir, with your permission.

اجازت ھے ؟

جناب چیئرمین : میری طرف سے اجازت ھے، جب تک میں نہ، نہ کہوں، اجازت ھے، کیونکہ یہ اپنی غلطی مان لیتے ھیں اور میں بھی اپنی غلطی جلدی تسلیم کرلیتا ھوں -

ملک محمد اختر : جناب ان کو غلط فہمی بھی ھو جاتی ھے -

جناب چیئرمین : لیکن وہ تسلیم کر لیتے ھیں آپ کی طرح ضد نہیں کرتے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ بھی معلوم ھو گیا کہ وزیر قانون ضدی ھیں -

جناب چیئرمین : وہ تو آپ کے ساتھ محبت کی وجہ سے ضد کرتے ھیں - وہ آپ کو ذرا چھیڑتے ھیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! میں نے عرض کیا ھے کہ کریمینل لاء امنڈ منٹ کے سلسلے میں شروع میں بھی عرض کیا تھا اور اس میں کوئی شک نہیں ھے اور جیساکہ محترم وزیر قانون نے فرمایا کہ یہ بل ضروری تھا تو اس کو بہت پہلے آ جانا چاھیئے تھا اور دوسری بات یہ ھے کہ مختلف اوقات میں جو امنڈمنٹ آتی ھیں، ان کو نہیں آنا چاھیئے -

ملک محمد اختر : جناب والا ! یہ تھرڈ ریڈنگ پر نہیں بول رھے ھیں - یہ فرسٹ ریڈنگ پر بول رھے ھیں -

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! فرمائیے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اب آپ ملاحظہ فرما لیجیے - میں تھرڈ ریڈنگ پر بول رھا ھوں یا فرسٹ ریڈنگ پر بول رھا ھوں - آپ فیصلہ دے دیں - اگر آپ فرماتے ھیں تو ٹھیک ھے -

جناب چیئرمن : آپ تھرڈ ریڈنگ پر ارشاد فرما رہے ہیں -

(اس مرحلے پر ڈپٹی چیئرمین جناب طاہر محمد خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی ارشاد فرمائیے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : تو میں عرض کر رہا تھا کہ کریمنل لاء (سپیشل کورٹ) (امنڈمنٹ) بل میں ملزم کو اس بات کا موقع دیا جائے گا کہ یا تو وہ یہ کہے کہ غلطی ہے یا وہ یہ کہے کہ نہیں اور اگر وہ خاموش رہے تو پھر کیا صورت ہوگی بہرحال یہ اسی صورت میں آئی تو یہ تصور کر ہی لینا چاہیئے - فرض کیجیے کہ اس کی ضرورت تھی اور واقعی ہے، میں مان لیتا ہوں کہ ہوگی اور یقیناً ہوگی چونکہ محترم وزیر قانون صاحب فرما رہے ہیں تو اس کو پہلے آ جانا چاہیئے تھا -

جناب ڈپٹی چیئرمین : خیال دیر سے آیا -

خواجہ محمد صفدر : دیر آید درست آید -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی ہاں دیر آید درست آید - دوسری بات جناب والا ! یہ ہے کہ اس طرح سے اندازہ ہوتا ہے کہ جب یہ متعدد ترامیم سال میں دو دو، تین تین، چار چار، مرتبہ آتی ہیں تو اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وزارت قانون ......

ملک محمد اختر : بہت نالائق ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی : خود ہی اعتراف کر لیا - مجھے کہنے کی ضرورت ہی نہیں - اب خود ہی اقرار کر لیا تو پھر میں کیا کہوں ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں موشن ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں -

The question before the House is :

"That the Bill further to amend the Criminal Law Amendment (Special Court) Act, 1976 [The Criminal Law Amendment (Special Court) (Second Amendment) Bill, 1976], be passed.

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman:** The motion is adopted and the Bill stands passed. Next is No. 4.

**Malik Mohammad Akhtar:** No. 5, Sir.

**Mr. Deputy Chairman:** No. 4, I think.

## THE DEFENCE OF PAKISTAN (FOURTH AMENDMENT) BILL, 1976

**Malik Mohammad Akhtar:** Yes, Sir. I beg to move:

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Deputy Chairman:** The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

Is it not opposed?

**Khawaja Mohammad Safdar:** It is opposed.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, it is again a simple Bill. It proposes to add sub-section (2) to Section 12 of the Defence of Pakistan Ordinance which vests power and authority in the Special Tribunals to punish any person who obstructs or abuses its process or disobeys any of its orders or otherwise does anything which constitutes its contempt and that action of contempt has been made punishable with a simple imprisonment of six months and a fine of Rs. 200. Sir, I consider that all the Courts have these powers and this need not be opposed.

**خواجہ محمد صفدر** : جناب چیئرمین ! مجھے محترم وزیر قانون سے اس امر میں اختلاف ہے کہ یہ قانون ایسا سیدھا ہے کہ حزب اختلاف کی طرف سے اس کی مخالفت نہیں ہونی چاہیئے - میں چند اصولی باتیں ان کی خدمت میں عرض کروں گا اور اس ضمن میں اس بل کا بھی ذکر آئے گا اور اس بل کے علاوہ بھی میں چند باتیں عرض کروں گا - میرا خیال ہے کہ آپ مجھے پہلی خونداگی کے دوران بولنے کی اجازت دے دیں گے - جناب چیئرمین ! یہ مسودہ قانون ایک آرڈیننس کے ذریعے ۳۰ اکتوبر، کو اس ملک میں نافذ کیا گیا اور اگر آپ اس آرڈیننس کو ملاحظہ فرمائیں، اس کا نمبر شمار ۴۳ ہے، اس کے بعد بھی ۲ نومبر، کو ایک آرڈیننس جاری کیا گیا جس کا نمبر شمار ۴۴ ہے یعنی دس مہینے دو دن میں، اس سال میں، محترم وزیر قانون صاحب کے مشورے پر جناب صدر مملکت نے ۴۴ آرڈیننس جاری کیے یعنی اوسطاً ساڑھے چار آرڈیننس فی ماہ میں جاری کیے -

مجھے یہ بات تسلیم کرنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ آرٹیکل ۸۹ کے تحت، جناب صدر مملکت کو آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے لیکن اگر آپ آرٹیکل ۸۹ ملاحظہ فرمائیں تو جناب چیئرمین ! آپ دیکھیں گے کہ آرٹیکل ۸۹ میں کچھ شرائط دی گئی ہیں کہ کن

حالات میں محترم صدر مملکت ہنگامی قانون جاری کر سکتے ہیں - آرٹیکل ۸۹ (۱) کے الفاظ یہ ہیں -

"The President may, except when the National Assembly is in session, if satisfied....."

یہ شرائط ہیں جناب -

"....that circumstances exist which render it necessary to take immediate action, make and promulgate an Ordinance as the circumstances may require".

اس میں کوئی شک نہیں کہ محترم صدر مملکت صاحب کے اس فیصلے کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا کہ ایسے حالات ہیں - کسی عدالت کے ذریعے بھی ان سے اس بات کی جواب طلبی نہیں کی جا سکتی کہ کن حالات کے تحت آپ نے یہ اختیارات استعمال کیے ہیں ؟ میں مانتا ہوں، اس بارے میں ہائی کورٹ کی رولنگز ہیں سپریم کورٹ کی رولنگز ہیں، لیکن اس معزز ایوان کا رکن ہوتے ہوئے میں محترم وزیر قانون سے یہ دریافت کرنے میں حق بجانب ہوں کیونکہ مشورہ انہوں نے دیا تھا یہ ذمہ داری ان کی ہے - محترم صدر مملکت نے ان کے مشورے پر آرڈیننس جاری کیے ہیں جب انہوں نے مشورہ دیا تھا تو وہ مہربانی کرکے اس ایوان کو بتائیں کہ وہ کون سے حالات تھے جن کے تحت مجبور ہو کر انہوں نے محترم صدر مملکت کو یہ مشورہ دیا تھا اور یہ برابر مشورہ دیتے رہتے ہیں -

میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ دو نومبر، کو ایک آرڈیننس جاری کیا گیا ہے، وہ کیا حالات تھے - جب کہ اگلے روز نیشنل اسمبلی کا اجلاس ہو رہا تھا ؟ وہ کون سے حالات تھے جن کے تحت محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور نے محترم صدر مملکت کو یہ مشورہ دیا تھا کہ آپ ایک روز قبل یہ آرڈیننس جاری کر دیں ؟ اس کا نتیجہ، جناب چیئرمین ! کیا نکل رہا ہے ؟ اس ملک میں یہ تاثر عام پایا جاتا ہے کہ یہ پارلیمنٹ یا یہ دونوں ایوان ایک ربڑ سٹیمپ کی حیثیت رکھتے ہیں - لوگ مجھ سے یہ باتیں کرتے ہیں - یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ پارلیمنٹ ایک ربڑ سٹیمپ ہے وزارت قانون نے جو بھی قانون جاری کیا ان دونوں ایوانوں نے اس پر انگوٹھا لگا دیا - پانچویں ترمیم پر تقریر کرتے ہوئے محترم وزیر اعظم صاحب نے ان دونوں ایوانوں کے متعلق یہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ پارلیمنٹ ایک خود مختار ادارہ ہے اگرچہ میں نے اس روز اس بحث کے دوران عرض کیا تھا کہ اس پر کچھ پابندی ہے لیکن پابندی تو یہ ہے کہ آئین کی مٹی پلید کی جا رہی ہے - آئین کی غرض، مدعا، منشاء ہرگز یہ نہیں تھی کہ قانون سازی محترم صدر مملکت کریں - یہ پارلیمنٹ کا کام ہے یہ ابتدائی اور پرائمری فنکشن پارلیمنٹ کا ہے کہ وہ قانون سازی کرے نہ کہ جناب صدر مملکت کو ہر چوتھے روز زحمت دیں کہ وہ آرڈیننس پر دستخط کر دیں وہ تو کبھی کوئی ایسے حالات ہوئے جن میں ضروری ہو تو وہ اور بات ہے - اور جناب چیئرمین ! میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کروں اور آپ یقیناً جانتے ہیں کہ یہ ایک برٹش لیگیسی ہے آرڈیننس جاری کرنے کی -

**Malik Mohammad Akhtar:** This is the condemnation of the Constitution.

خواجہ محمد صفدر : میں آئین کو کنڈم نہیں کر رہا ۔

I am not condemning the Constitution my dear friend.

جناب والا ! میں ایک تاریخی حقیقت بیان کر رہا ہوں - میں دستور کی مذمت بالکل نہیں کرنا چاہتا - میں نے خود اس دستور کو تسلیم کیا ہوا ہے میرے رہنماؤں نے میرے بزرگوں نے اس پر دستخط کئے ہوئے ہیں - وہ اور بات ہے کہ اب اس کے کئی حصے محترم وزیر قانون صاحب نے متنازعہ فیہ بنا دیئے ہیں - وہ اور بات ہے میں اس میں نہیں جانا چاہتا - دنیا میں ماسوائے ان ممالک کے جن میں سرفہرست پاکستان اور بھارت ہیں جہاں انگریز نے حکومت کی وہاں اس نے یہ چیز ورثے کے طور پر چھوڑی - ورنہ دنیا کے کس ملک میں ایک آرڈیننس جاری کرنے کا صدر کو اختیار نہیں ہوتا بہرحال وہ ایک چیز ہمیں ورثے میں ملی - ہم نے اپنالی لیکن اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ کسی ہنگامی حالت میں اور کسی فوری ضرورت کے پیش نظر جناب صدر کو یہ اختیار ہے کہ وہ اپنے اختیارات کو استعمال کریں اور وہ ضرور کریں -

چشم ما روشن دل ماشاد

ہم کب کہتے ہیں کہ نہ کریں لیکن سوال یہ ہے کہ جب صرف ایک دن باقی رہ گیا تھا اور اس Ordinance کے متعلق صرف دو دن باقی رہ گئے تھے نیشنل اسمبلی کے اجلاس میں تو اگر اس پارلیمنٹ سے ارباب اقتدار آئین جیسی اہم اور مقدس دستاویز جس کے متعلق کسی قسم کی تنقید محترم وزیر قانون صاحب سننا نہیں چاہتے اور میں کرنا نہیں چاہتا، اس میں اگر دو گھنٹے میں ترمیم ہو سکتی ہے تو یہ قانون تو اس کے پائے کا نہیں یہ تو ایک معمولی قانون ہے - اس کا مرتبہ اور رتبہ اور عزت اور وقار آئین جتنا تو نہیں ہو سکتا کسی صورت میں بھی تو اگر وزیر قانون دو دن صبر کرتے اور ہمیں حکم دیتے تو ہم فوراً آدھے گھنٹے میں یہ بل پاس کرکے ان کی خدمت میں پیش کر دیتے لیکن کم از کم آئین کی روح تو مجروح نہ ہوتی - یہ بعض اوقات بڑے سنسٹیو ہو جاتے ہیں کہ بھئی آئین پر تنقید نہ کریں - میں آئین پر تنقید نہیں کرتا لیکن آئین کی جو مٹی آپ پلید کر رہے ہیں - اس پر بھی آپ اتنے ہی حساس ہو جائیں - یہ آئین ایک مقدس کتاب ہے - ہمارا ایک ایسا بنیادی قانون ہے جس کا ہر پاکستانی کو احترام کرنا چاہیئے تو اگر وزیر قانون خود اسکا احترام نہیں کرنا چاہتے اور صرف دوسروں پر رعب ہے کہ بھئی تم اس پر کچھ نہ کہو - آپ تو ہر روز اس کی روح مجروح کرتے ہیں - جناب چیئرمین ! میں نہایت ہی ادب سے اور نہایت دل سوزی سے محترم وزیر قانون کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ آرٹیکل ۸۹ کو استعمال کریں لیکن اشد ضرورت کے وقت - اس کو مذاق کے طور پر استعمال نہ کیا جائے - اس کو بالکل مذاق نہ بنائیں - کیونکہ آئین مذاق بنانے والی چیز نہیں ہے یہ ایک مقدس دستاویز ہے -

ایک اور بات اختصار سے عرض کئے دیتا ہوں اس پر تفصیل سے بات بعد میں ہوگی - محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس بل کے ذریعے ہم خصوصی عدالتوں کو، ٹریبونلز کے اختیار دے رہے ہیں کہ اگر ان کی کوئی توہین کرے تو وہ خود توہین کا ارتکاب کرنے والے شخص کو سزا دے سکیں جناب وزیر قانون سے بہتر کس کو یاد ہو سکتا ہے جناب چیئرمین ! کہ ابھی پانچویں ترمیم یعنی آئین کی پانچویں ترمیم پر تقریر کرتے ہوئے نہ صرف انہوں نے بلکہ محترم وزیر اعظم نے آرٹیکل ۲۰۴ میں ترمیم کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اس ملک کے وکلاء کا یہ مطالبہ ہے اور یہ ایک بنیادی اصول ہے انصاف کا کہ کوئی عدالت اپنے مقدمے کی سماعت نہ کرے اور یہ جو موجودہ قانون ہے - یہ اس بنیادی اصول سے متصادم ہے لہذا ہم اس آرٹیکل میں ترمیم کرتے ہیں - اور ایک اور قانون بنائیں گے جس کے ذریعے عدالتوں کو اپنی توہین کا مقدمہ سننے کا اختیار نہیں ہوگا - بلکہ ایک عام قانون ہوگا جیسا کہ دوسرے قوانین ہیں وہ شاید اس قسم کا قانون ہو کہ وہ عدالت جس کی توہین ہوئی ہے وہ ایک دعوی لکھ کر ایک کمپلینٹ لکھ کر کسی دوسری عدالت کو، جو کہ مجاز ہو، اس میں پیش کرے - ابھی چند روز ہوئے - دو، تین روز کی بات ہے محترم وزیر قانون صاحب نے مجھے یہ مژدہ سنایا تھا کہ وہ ابھی اس سیشن میں اس ایوان میں کنٹیمپٹ کا قانون لا رہے ہیں، بل تیار ہے، اب ذرا اس آرٹیکل ۲۰۴ کو ملاحظہ فرمائیں کہ اس میں کیا ترمیم ہوئی ہے - اور کیا موجودہ ترمیم جو اس بل میں ہوئی ہے وہ اس سے کنفلکٹ تو نہیں کرتی -

ملک محمد اختر : وہ دسمبر میں لاگو ہوگا -

You are misleading the House.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, no, I am not misleading the House.

**Malik Mohammad Akhtar :** This is not in force.

خواجہ محمد صفدر : وہ ٹھیک ہے لیکن اسکا مقصد تو ...

ملک محمد اختر : وہ لوگ عدالتوں میں جا کر گالیاں دیں -

خواجہ محمد صفدر : بالکل نہیں ایسا کبھی نہیں کرنا چاہیئے -

ملک محمد اختر : آپ لوگ گالیاں دے رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر : مجھ سے تو آپ توقع نہ کیجئے کہ میں کسی کو گالی دوں آرٹیکل ۲۰۴ کے الفاظ یہ تھے -

'Court shall have power to punish any person who'.

ملک محمد اختر : یہ آج موجود ہے، دسمبر سے لاگو ہوگا -

خواجہ محمد صفدر : مجھے معلوم نہیں ہے - تو اس کی بجائے یہ ہم نے سبسٹیٹیوٹ کیا ہے - پوری سب کلاز دو کو اڑا کر صرف ایک سطر سبسٹیٹیوٹ کی ہے -

"The Court shall have power to punish a person in contempt of Court in accordance with law."

تو محترم وزیر قانون نے جیسا کہ پہلے بھی ارشاد فرمایا تھا اور اب بھی ارشاد فرمایا ہے کہ وہ اسی سیشن میں پارلیمنٹ سے یہ قانون جو کہ توہین عدالت کے متعلق ہے - انشاء اللہ پاس کر والیں گے - تو اگر یہ ان کا ارادہ ہے اور بڑا نیک ارادہ ہے تو پھر اس ترمیم کی کیا ضرورت ہے ؟ یہ چند دنوں کیلئے کیا ضرورت پڑی ابھی وہ قانون لائیں - ہم پاس کر دیں گے - ٹھیک ہے بنیادی طور پر ایک قانون میں تبدیلی ہوگئی ہے - اس تبدیلی کے مطابق ایک نیا قانون آئیگا - ظاہر ہے کہ ہم اسے ضرور تسلیم کریں گے ماسوائے اس کے کہ اس میں کوئی خامیاں ہوں، کوئی غلطیاں ہوں، اس میں کوئی ایسی بنیادی باتیں ہوں جن سے اختلاف ضروری ہو تو اس لئے جناب والا ! میں کہتا ہوں کہ محترم وزیر قانون صاحب ذرا تھوڑا سا غور فرمائیں کہ اس مسودہ قانون کی منظوری کے بعد صورتحال کیا ہوگی ؟ جہاں کہ ایک ماتحت عدالت کو یعنی ٹریبونل کو یہ اختیار ہو جائیگا کہ وہ اپنی کنٹیمپٹ کا فیصلہ خود کرے -

لیکن جناب سپریم کورٹ کو اور ہائی کورٹس کو جنہوں نے اس ٹریبونل کی اپیلیں سننی ہیں اور ملک کی باقی تمام عدالتوں کو یہ اختیار نہیں ہوگا اب یہ کس قدر بوالعجبی یا قانونی fallacy پیدا ہو جائیگی کہ ماتحت عدالت کو تو اپنی کنٹیمپٹ سننے کا اختیار ہے لیکن ان کورٹس کو جو کہ سپیریر کورٹس ہیں ان کو اپنی کنٹیمپٹ کا مقدمہ سننے کا اختیار نہیں ہے کیا ضرورت پڑی ہے جب اس میں ترمیم کیجا ئیگی اور اس قانون کو جو ہم بنا رہے ہیں اس کو حذف تصور کیا جائیگا ایسپیسل کیا جائیگا - اس کو منسوخ تصور کیا جائیگا - اس لئے کیا ضرورت ہے میرے بھائی کو ایسا کرنے کی ؟ وہ ہمارے ٹریبونل والے بھائی چند دن اور صبر کرلیں، وہ اتنی جلدی نہ کریں - وہاں جو کچھ ہو رہا ہے وہ تو زیر بحث نہیں آسکتا - لیکن یہ ایک نیا اختیار اپنے ہاتھ میں نہ لیں - تو زیادہ بہتر ہوگا اور اگر وزیر قانون صاحب ان کی رائے پر عمل کر رہے ہیں تو میں یہ سمجھوں گا کہ یہ غلطی کر رہے ہیں - ان کی جو اپنی رائے ہے وہ درست ہے کہ ایک نیا قانون بنے گا تمام عدالتوں پر لاگو ہوگا - اس میں ٹریبونل بھی آ جائیگا، اسپیشل کورٹس بھی آ جائیں گی، لوئر کورٹس بھی آ جائیں گی، ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ بھی آ جائیگی - ان الفاظ کے ساتھ میں اس قانون کی شدید مخالفت کرتا ہوں - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ، مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس میں جو ترمیم اس وقت زیر بحث ہے اصولی طور پر مجھے اس سے اتفاق نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹریبونل کے ساتھ بھی انصاف نہیں ہے - اس میں شک نہیں ہے کہ اگر کسی بھی

عدالت کی حیثیت کو ختم کرنے کیلئے کوئی بھی شخص اگر کچھ کہتا ہے تو وہ قانون کا مذاق اڑاتا ہے، اور اسپر گرفت ہونی چاہیئے، یہ بالکل بجا ہے لیکن ٹریبونل کی حیثیت جو ترمیم کے ذریعے متعین کی جا رہی ہے اس سے عام تاثر یہ پیدا ہوتا ہے کہ ٹریبونل جو ہے، وہ ایک سپریم کورٹ ہے، ایک سپر باڈی ہے اور وہ ایک ایسی عدالت انصاف ہے جس کا مرتبہ ملک میں قانون اور دستور کے تحت وجود میں آنی والی تمام عدالتوں سے بلند و بالا ہے یہ بات اسلئے ذہن میں آتی ہے کہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے سلسلے میں حال ہی میں ایک ترمیم ہو چکی ہے یہ ابھی خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے تو پھر اس ترمیم کی ضرورت باقی نہیں رہتی ہے -

جناب والا ! سب سے زیادہ تکلیت کی بات یہ ہے کہ ٹریبونل کو ان اختیارات سے مسلح کرنے کا مقصد جو کچھ بھی ہے، بہرحال اتنا ضرور ظاہر ہوگیا ہے کہ وزیر قانون، وزارت قانون اور موجودہ حکومت ٹریبونل کو وہ مرتبہ دینا چاہتی ہے جو مرتبہ عدالت عالیہ کو حاصل نہیں ہے، اور جو عدالت عظمے کو حاصل نہیں ہے، اسلئے اب ان کو اختیار ہی نہیں جیسا کہ ایک شق میں کہا گیا ہے کہ یہ آئین کے تحت انفورس ہوگا اور قانون بن جائے گا - جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ٹریبونل کو یہ مرتبہ دیکر ملک کی اعلی ترین عدالتوں کی توہین کی گئی ہے - اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ کم از کم ٹریبونل اس بات کا مستحق نہیں ہے - اسلئے اسکو یہ اختیار نہیں دینا چاہیئے - فرض کیجئے کہ ٹریبونل کے سلسلے میں کوئی شخص توہین کا مرتکب ہوا ہے تو اسکی سماعت کیلئے دوسری عدالتیں موجود ہیں دوسری عدالتوں میں ٹریبونل کیس دائر کر سکتا ہے - یہ عدالتیں بھی ایسے مقدمات کی سماعت کر سکتی ہیں اور یہی صحیح انصاف کا طریقہ ہے - ٹریبونل کو خود ایسے مقدمات توہین کی سماعت کا اختیار نہیں ہونا چاہیئے اگر ایسا کیا گیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم خود اپنے ہاتھوں انصاف اور قانون کا خون کر رہے ہیں اسلئے میں اسکی مخالفت کر رہا ہوں -

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, a lot has been said and some '*Peshin Gois*' have also been made. I will go step by step, but very briefly. Article 89 contemplates that if the President is satisfied, he can promulgate an Ordinance. There is no doubt about that. The question, that this House is being, in any way, outsigned by Ordinance making, is incorrect statement because in Article 89, it is stipulated over there, whenever an ordinance shall be promulgated, if it is in connection with Part II of the Federal Legislative List or Concurrent Legislative List, it has to be laid before this August House and if it relates to Part I, then to the National Assembly immediately. Then, Sir, there is no escape from both the Houses because it has been provided under Article 54 that Senate would be in session for 90 days and the National Assembly for 130 days and by God's grace we have completed 109 or 110 days as far as the Senate is concerned. So the Government believes in development of democratic institutions and I consider the necessary safeguards have been provided in the Constitution according to the relevant articles 89 and 94 which contemplate that there will be frequent sitting and I consider that there will be about 120 sittings by the end of the year, by the Senate at least, if not more, may be 130. So I disagree and say that this is incorrect assertion.

[Malik Mohammad Akhtar]

Now, Sir, Tribunal is manned by a Senior Session Judge in all the cases and we cannot leave them to be insulted by the accused persons who are under trial over there for henious offences. So it was necessary to immediately provide the cover and facilitate them with the powers to punish for contempt. These tribunals are just emergency sort of courts which will cease to exist when emergency is withdrawn. As such, to say that more powers are being given to these Tribunals, is also incorrect. Then, their final orders, even in respect of contempt matters, are to be laid before the High Court and even to the Supreme Court in certain cases.

Then, Sir, the third point has been raised. Undoubtedly, we are bringing a law and may be in the next very weak for the contempt purposes, but that will be a sort of permanent law and we cannot make that applicable to these temporary courts, such sort of permanent laws. That is all, Sir, and at present, there was no constitutional doubt in respect of Article 204. I may make it clear that, that amendment is to come in force probably on the first of December. So on all the three points, there are institutions working very well, effectively and most democratically. Secondly Sir, it is not hit by the Constitution because the relevant provision is to come in force from a later date and thirdly, Sir, that we meet so frequently that you cannot say that legislative rights are being denied to these courts.

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you. Now, I put the question to the House.

The question before the House is:

> "That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman:** The motion is adopted. Now, we take the Bill clause by clause. Clause No. 2, amendment by Khawaja Safdar.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میں اس کلاز کے متعلق بہت سی گذارشات کر چکا ہوں - اب صرف ایک دو باتیں مزید عرض کرنا چاہتا ہوں - جناب والا ! آپ نے ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ جیساکہ اس بل کے نام سے ظاہر ہے "ڈیفنس آف پاکستان (فورتھ امنڈمنٹ) بل" یعنی چوتھی بار اس میں ترمیم کی گئی ہے، اگرچہ امر واقع یہ ہے کہ اس میں پانچویں بار ترمیم کی گئی ہے اور یہ چوتھی بار اسلئے لکھا گیا ہے کہ پچھلے کسی اجلاس میں دو آرڈیننسوں کو اکٹھا پیش کیا گیا تھا - اسلئے یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے - یعنی پانچویں بار محترم وزیر قانون کو یاد آیا ہے کہ یہ عدالتیں جن کے سربراہ اور چیئرمین سینئیر سیشن جج ہیں ان کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ اگر کوئی بد قسمت آدمی ان کی توہین کرے، ہتک کرے یا ان کو گالی دے تو اس جرم میں عدالت اسکو سزا دے سکتی ہے -

جناب والا ! مجھے افسوس ہے کہ پانچویں بار انہیں یہ یاد آیا ہے کہ ان عدالتوں کے پاس یہ بھی اختیار ہونا چاہیئے، کاش پہلی بار یہ سوچ لیتے - میں پھر یہ دہراؤں گا کہ

سابقہ بل کے متعلق میں نے عرض کیا تھا مجھے معلوم ہے کہ محترم وزیر قانون بہت مصروف ہیں اور مجھے یہ بھی اعتراف ہے کہ محترم وزیر قانون کے محکمے میں، ان کے ڈویژن میں بڑے بڑے قابل لوگ بھی ہیں - اسلئے میں عرض کرتا ہوں کہ ذرا یہ توجہ فرما لیا کریں تو یہ قانونی سقم اور خامیاں دور ہو سکتی ہیں جن کی وجہ سے ملک کا سرمایہ ضائع ہوتا ہے اور اس معزز ایوان کا وقت ضائع ہوتا ہے -

جناب والا ! اس طرح دونوں نقصان پہنچ رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان دوستوں اور بزرگوں کی کوئی نیک نامی نہیں ہوتی ہے جن کے ذمے اس قانون کو ڈرافٹ کرنے کی ذمے داری ہے تو ان الفاظ کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلاز غیر ضروری ہے اور یہ اس لئے غیر ضروری ہے کہ محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ ایک یا دو ہفتے کے بعد ہم ایک جامع قانون بنا رہے ہیں اور اس میں یقیناً ہر قسم کی عدالت کو یہ اختیار دیا جا سکتا ہے کہ وہ توہین کی سزا دینے کا بندوبست کرے اور مجھے محترم وزیر قانون سے اتفاق نہیں ہے کہ ایک عارضی قانون کے متعلق یہ اختیار نہیں دیا جا سکتا ہے یا ٹمپریری عدالت کے متعلق یہ اختیار نہیں دیا جا سکتا ہے - عدالت خواہ ٹمپریری ہو یا مستقل ہو، وہ واجب احترام ہے اور اس کا احترام ہم سب پر فرض ہے جو اس ملک میں بستے ہیں کیونکہ اگر ہم عدالتوں کا احترام نہیں کرینگے تو اس ملک میں افراتفری اور طوائف الملوکی کے سوا اور کچھ نہیں پیدا ہو سکتا اسلئے ہمارے دلوں میں عدالتوں کا حد درجہ احترام ہے اور مجھے توقع ہے کہ سارے پاکستانی عدالتوں کا احترام کرینگے لیکن اگر کوئی بدقسمت پاکستانی ایسا ہے تو اس کا انتظام پندرہ بیس دن بعد بھی کیا جا سکتا ہے تو اب اس ترمیم کی ضرورت نہیں ہے، اسلئے میں نے کہا ہے کہ اس کو حذف کر دیا جائے -

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, he has repeated the same arguments.

**Mr. Deputy Chairman:** The question before the House is:

"That Clause 2 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman:** Next we put Clause 3.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! شاید میرے سننے میں غلطی ہو گئی ہو آپ نے میری ترمیم put نہیں کی -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ کی ترمیم حذف کرنے کیلئے تھی -

The question before the House is:

"That Claus 3 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman:** Then, we take up Clause 1. There is an amendment by Khawaja Mohammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر : میری ترمیم حذف کرنے کیلئے ہے اسلئے وہ میں پیش نہیں کر سکتا جناب چیئرمین ! میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس بل کی کلاز اے کے حصہ دو کو حذف کر دیا جائے اور وہ سب کلاز دو کیا ہے ؟ وہ یہ ہے -

"It extends to the whole of Pakistan".

جناب چیئرمین ایک بنیادی ڈرافٹ کا مسئلہ ہے -

(اس مرحلے پر جناب چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میں یہ عرض کر رہا تھا . . .

**Mr. Chairman :** Is it the same Bill?

خواجہ محمد صفدر : یہ دوسرا بل ہے اور ہم ختم کرنے والے ہیں اور تیسرے پر تو آج جائیں گے نہیں، کیونکہ وہ بات ہو چکی ہے -

ملک محمد اختر : جائینگے کیوں نہیں ؟

**Mr. Chairman :** This is the first reading?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, now we are at the 2nd reading of the Bill, The Defence of Pakistan (Fourth Amendment), Bill, 1976. Clause 2 and 3 has been disposed of. Now we are at Clause 1. This is now under discussion.

**Mr. Chairman :** I follow. Thank you, very much.

خواجہ محمد صفدر : میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس کلاز اے کی سب کلاز (۲) کو حذف کر دیا جائے اور یہی میں عرض کر رہا ہوں -

**Mr. Chairman :** You are excluding Maulana Noorani Sahib's constituency?

خواجہ محمد صفدر : نہیں صاحب وہ تو اس میں شامل ہیں اور میرے دلائل بالکل مختلف ہیں اگرچہ محترم وزیر قانون نے بھی یہی خیال فرمایا ہے اور آپ نے بھی یہی خیال کیا ہے کہ میں اپنے پرانے آرگومنٹ پیش کرونگا کہ سارے پاکستان کیلئے کوئی قانون سازی نہیں ہو سکتی بلکہ یہاں except ٹرائبل ایریا ہونا چاہیئے اور آئین کے مطابق وہ درست ہے، لیکن میں نے ترمیم وہ نہیں دی میں نے تو اسکو حذف کرنے کیلئے دی ہے اور اس دلیل کو چھوڑتے ہوئے اگرچہ وہ دلیل آج بھی ویلیڈ ہے میری دوسری دلیل یہ ہے کہ اس امنڈنگ بل میں یہ سب کلاز نہیں رکھی جاتی ہے کیونکہ اس کا extent جو ہے، وہی ہوتا ہے جو اورئجنل ایکٹ کا ہوتا ہے اگرچہ امنڈنگ بل میں extent نہ بھی لکھا جائے تو وہ تصور کیا جائے گا جو اورئجنل ایکٹ یا آرڈنیس کا ہے -

اب ہم یہ دیکھیں کہ ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس میں یہ الفاظ پہلے ہی درج ہیں - It extends to the whole of Pakistan. اس لئے یہ غیر ضروری ہے اور نتیجہ

کیا نکلے گا کہ اگر خدانخواستہ وہاں یہ لکھا ہوتا اور میری رائے میں جو درست صورت ہے وہ یہ عبارت ہے کہ ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس کے سیکشن ایک کے سب سیکشن دو میں یہ ہوتا

that it extends to the whole of Pakistan except the Tribal Areas.

تو کنفلکٹ کرتا ہے، اس لئے آپ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ ابھی ایک بل جو ہم نے پاس کیا ہے اس پر آپ غور کر لیجئے اس میں یہ سب کلاز نہیں ہے اور اس میں یہ کلاز رکھ دی ہے اور تیسرے میں بھی نہیں رکھی، تو اس میں بھی سب کلاز دو نہیں ہونی چاہیئے اور یہ محض اس لئے رکھی جاتی ہے کہ یہ دراصل Independent Act نہیں ہوتا ہے بلکہ یہ ایک امنڈنگ ایکٹ ہے جس نے اصل قانون میں جا کر مدغم ہو جانا ہے اور اس میں وہ enforcement extent ساری ہوتی ہیں اور وہ سارا اس کو کوور کرینگے اس لئے میری رائے میں یہاں بھی ڈرافٹنگ کی غلطی ہے اور superfluous لفظ استعمال ہوا ہے اور جیساکہ دوسرے بل میں نہیں کیا تو یہاں بھی نہیں کرنا چاہیئے تھا اسلئے میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کیونکہ ضرورت نہیں ہے، ورنہ میں حوالے اور ثبوت دے سکتا ہوں اور اس وقت بھی میرے پاس دس بارہ حوالے موجود ہیں اور دوسری جگہ انہوں نے یہ الفاظ استعمال نہیں کئے ہیں اور یہاں غیر ضروری طور پر استعمال کئے ہیں تو ان الفاظ کے ساتھ میں یہ درخواست کرونگا کہ ان الفاظ کو حذف کر دیا جائے ۔

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I consider that the honourable Senator wanted to make a point and probably he has made one but I can remind him and show him hundreds of amending laws in which such provisions are used.

**Mr. Chairman:** All right. The question before the House is:

"That in Clause 1, sub-clause (2) be omitted."

(*The motion was negatived*)

**Mr. Chairman:** The amendment is lost.

Now the question before the House is:

"That the Preamble, Title and clause 1 form part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman:** The Preamble, Title and clause 1 form part of the Bill, Yes, next.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I beg to move:

That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill, 1976], be passed.

**Mr. Chairman:** The motion made is:

That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill, 1976], be passed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed.

ملک محمد اختر : اوپر بات ھو چکی ھے اب مزید کیا کہنا چاھتے ھیں ؟

**Mr. Chairman :** He will not make any speech. Why you are inviting discussion ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Right, Sir.

**Mr. Chairman :** I put the question. The question before the House is :

That the Bill further to amend the Defence of Pakistan Ordinance, 1971 [The Defence of Pakistan (Fourth Amendment) Bill, 1976], be passed.

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The Bill stands passed. Next.

ملک محمد اختر : خواجہ صاحب مجھے تقریر کر لینے دیں ۔

خواجہ محمد صفدر : میں نے محترم وزیر قانون سے گذارش کی تھی کہ دو آج کر لینگے اور ایک کل کر لینگے کیونکہ کل کوئی نہیں ھے ۔

ملک محمد اختر : کل تین بل ھیں ۔

خواجہ محمد صفدر : وہ کل نہیں آ سکتے ۔

**Mr. Chairman :** Are you sure ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** I am sure.

**Malik Mohammad Akhtar :** I will move the motion, and then we can disperse.

## THE LEGAL PRACTITIONERS AND BAR COUNCILS (SECOND AMENDMENT) BILL, 1976.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 1976], be passed."

**Mr. Chariman :** Why don't you read the words "as reported by the Standing Committee" ?

**Malik Mohammad Akhtar :** I apologise, Sir. Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration".

**Mr. Chairman:** You had omitted the words "as reported by the Standing Committee" in the first reading you omitted these words.

**Malik Mohammad Akhtar:** I beg your pardon, Sir.

خواجہ محمد صفدر : وہ نیکسٹ آئیٹم غلطی سے پڑھ گئے تھے -

**Mr. Chairman:** Let me read it out. The motion made is:

"That the Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Second Amendment) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration".

**Khawaja Mohammad Safdar:** Opposed, Sir.

**Mr. Chairman:** Do you want to discuss it in the first reading just now?

**Khawaja Mohammad Safdar:** Tomorrow, Sir.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, I want to make a short statement.

**Mr. Chairman:** All right, you make a short statement.

**Malik Mohammad Akhtar:** Sir, the Bar Councils Act is sought to be amended and we are proposing to extend the period of the present Bar Councils which is due to expire probably on the 31st of December. We want to extend it by another year. The idea is that these are functionaries and bodies as I should say with some sort of functions just like universities and other autonomous bodies and their general functions are: firstly, to enrol pleaders, lawyers and advocates; secondly to have a check on their conduct and thirdly, to do something for the welfare of our brothers in the profession. Sir, I consider that repeated elections and short-terms will not help them but will create some sort of further division and disunity in these Councils. Since we are concerned to make the necessary law, we have thought it proper that we should give them longer terms, if not five years at least four years.

**Mr. Chairman:** Khawaja Sahib, you will speak tomorrow.

**Khawaja Mohammad Safdar:** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** All right. No other business.

**Malik Mohammad Akhtar:** We may meet tomorrow in the evening because in the morning there is a Cabinet Meeting.

**Mr. Chairman:** Tomorrow morning you have a Cabinet meeting?

**Malik Mohammad Akhtar:** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** Will you be there?

**Malik Mohammad Akhtar:** I have got to be there.

**Mr. Chairman:** You have to be there. All right. At what time should we meet?

**Khawaja Mohammad Safdar:** At any time, that he looks is convenient to him.

**Malik Mohammad Akhtar:** Then it should be at 5-00 p.m.

**Mr. Chairman:** 5-00 p.m. is too late.

**Malik Mohammad Akhtar:** Then before that I may not be able to be here.

**Mr. Chairman:** Cabinet Meeting would not stretch to 5.00 in the evening.

**Malik Mohammad Akhtar:** Let it be 5-00 p.m., Sir. At that time there will be evening prayers and that is why I wanted to make some sort of adjustment.

**Mr. Chairman:** But evening prayers are not said at 5-00. p.m. these days. Even the sun does not set at 5-00 p.m. The sun sets some time at 5-06 or 5-07 p.m.

**Malik Mohammad Akhtar:** We can make it 5-30 or 5-00 even.

**Mr. Chairman:** To accommodate you to say your prayers you suggest some time.

**Malik Mohammad Akhtar:** Either 5-00 or 5-30 p.m., Sir, and then without break we can go on.

**Mr. Chairman:** Does it take half an hour for you to say evening prayers. You mean to say that you will have your ablution, etc. All right. Let us meet at 5-00.

**Malik Mohammad Akhtar:** Thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** The House stands adjourned to meet again tomorrow at 5-00 p.m.

---

*(The House then adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Wednesday, November 17, 1976.*

---

PCPPK—L/302 (77) Senate—14-6-77—250.